الشریعہ اکادمی کے زیر اہتمام تعلیمی ومطالعاتی دورہ

الشریعہ اکادمی کی جانب سے ۱۸ مارچ ۲۰۰۴ء کو اکادمی کے اساتذہ اور طلبہ کے لیے سیالکوٹ کے ایک تعلیمی ومطالعاتی دورے کا اہتمام کیا گیا۔ اکادمی کے ڈائریکٹر مولانا زاہد الراشدی اور دیگر اساتذہ اس سفر میں طلبہ کے ہمراہ تھے۔ جامعہ فاروقیہ، چوک امام صاحب کے استاد مولانا حماد انذر قاسمی صاحب نے میزبان اور رہبر کی خدمات انجام دیں اور ان کی رہنمائی میں وفد نے جامعہ فاروقیہ، سیرت سٹڈی سنٹر اور علامہ اقبال مرحوم کی آبائی رہائش کے علاوہ ایک لیدر فیکٹری اور ہیڈ مرالہ کا بھی دورہ کیا۔ سیالکوٹ کینٹ میں واقع سیرت سٹڈی سنٹر کے دورے کے موقع پر وفد نے سنٹر کے ڈائریکٹر پروفیسر عبد الجبار شیخ سے بھی ملاقات کی اور لائبریری کے قیام اور اس کی ترتیب وانتظام سے متعلق ان سے معلومات حاصل کیں۔ وفد کو سنٹر میں جاری مختلف تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وفد نے چمڑے کی مصنوعات کے حوالے سے سیالکوٹ شہر کی شہرت میں خاص دلچسپی لی اور ایک لیدر فیکٹری کا دورہ کر کے چمڑے کے دستانوں، جیکٹوں اور دیگر مصنوعات کی تیاری کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا۔ شاعر مشرق علامہ اقبال مرحوم کی جائے ولادت اور ہیڈ مرالہ برج کا دورہ کرنے کے بعد وفد واپس گوجرانوالہ شہر پہنچا جہاں اس نے گلشن اقبال پارک میں انعقاد پذیر صنعتی نمائش میں گوجرانوالہ میں تیار ہونے والی مختلف مصنوعات کے اسٹال دیکھے۔

عربی لینگویج کورس کی تکمیل

الشریعہ اکادمی کی طرف سے دینی مدارس کے طلبہ کے لیے مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ میں عربی بول چال کے ایک سہ ماہی کورس (جنوری۔اپریل ۲۰۰۴ء) کا اہتمام کیا گیا جس میں مختلف مدارس کے طلبہ نے شرکت کی۔ یہ کلاس مغرب کی نماز کے بعد ہوتی رہی اور اس میں طلبہ کو گریمر کے ضروری قواعد کے ساتھ بول چال کی مشق کرائی۔ اکادمی میں عربی کے استاذ الشیخ حبیب النجار اور ان کے معاون مولانا محمد عامر انور نے اس میں تدریس کے فرائض سرانجام دیے۔ کورس کے اختتام پر ۱۸۔اپریل کو مغرب کے بعد الشریعہ اکادمی میں ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت ناظم یونین کونسل جناب جمال حسن خان منج نے کی اور اس میں کورس میں کامیابی حاصل کرنے والے ۳۵ طلبہ کو سرٹیفکیٹ دیے گئے۔ مہمان خصوصی شاعر اسلام الحاج سید سلمان گیلانی نے اپنے مخصوص انداز میں حمد باری تعالیٰ اور نعت رسول مقبول ﷺ پیش کر کے حاضرین کو محظوظ کیا۔ اس موقع پر اکادمی کے ڈپٹی ڈائریکٹر حافظ محمد عمار خان ناصر نے شرکا کو بتایا کہ اکادمی کے زیر اہتمام دینی مدارس کے طلبہ کے لیے اسی نوعیت کا ایک انگلش لینگویج کورس بھی جاری ہے۔